F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 23/08/2016

ماحولیاتی آلودگی سے انسانی زندگی کو سب سے زیادہ خطرہ: پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل میں شجرکاری مہم

نئی دہلی: قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں شجرکاری مہم کے تحت پودا لگایا گیا۔ اس موقع پر قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے کہا کہ آلودگی کا زہر پورے کرۂ ارض میں بڑھتا جا رہا ہے اس کو ختم کرنے کے لیے شجرکاری بہت ضروری ہے۔ آج ماحولیاتی آلودگی سے انسانی زندگی کو سب سے زیادہ خطرہ لاحق ہے۔ اس لیے ماحولیات کے تحفظ کے لیے جنگلات کو بچانا اور درخت لگانا ضروری ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اس مہم کو ہم جاری رکھیں گے تاکہ آنے والی نسل کو ایک صحت مند اور بہتر ملک سونپ سکیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ شجرکاری کی اہمیت سے عوام کو آگاہ کرنا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس شجرکاری مہم میں قومی اردو کونسل کے تمام عملے نے حصہ لیا اور یہ عہد کیا کہ اس مہم کو اور آگے بڑھائیں گے۔

(رابطہ عامہ سیل)